شان عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

شاعر اسلام قاری تاج محمد شاکر (پتوکی)

نبیؐ کے خدمت گار عثمانؓ کہتے ہیں	حیا دار جامع القرآن کہتے ہیں
کامل حیاء، کامل وفا میں وہ عثمانؓ	ذو النورین نبیؐ کا یار کہتے ہیں
اسلام میں جن کی سخاوت کے چرچے	مدبر جسے بردبار عثمانؓ کہتے ہیں
وہ زینت بزم علم عرفان ہے	چمن نبی کی بہار عثمانؓ کہتے ہیں
ید نبیؐ پر ید نبوتؐ ید خدا	اسے عظمت وقار عثمانؓ کہتے ہیں
مظلومانہ شہادت اس قدران کی	جسے صابر جانثار عثمانؓ کہتے ہیں
عثمانؓ کا باغی نبیؐ کا باغی ہے	غریبوں کا غم خوار عثمانؓ کہتے ہیں
ان کی شہادت پر شاہد قرآن ہے	حسنینؓ پہریدار عثمانؓ کہتے ہیں
عذاب سے نہ بچ سکیں کے بلوائی	کیا جنہوں نے یہ وار عثمانؓ کہتے ہیں
جس کے واسطے کی بیعت رسول اللہ	اسے عادل روزہ دار عثمانؓ کہتے ہیں
جسے دس بار جنت کی بشارت ملی	اسے سپہ سالار عثمانؓ کہتے ہیں
وہ جن سے عرش والے حیاء کرتے ہیں	تاجؔ ان کو حیاء دار عثمانؓ کہتے ہیں